رجسٹرڈ ایل نمبر ۸۳۵

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ ۔ عَسٰى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا

الفضل

قادیان

ایڈیٹر:- غلام نبی

The ALFAZL QADIAN

تار کا پتہ الفضل قادیان

قیمت سالانہ پیشگی اندرون ہند ... قیمت سالانہ پیشگی بیرون ہند ...

نمبر ۷۲ | ۸ رمضان المبارک ۱۳۵۳ھ | یوم پنجشنبہ | مطابق ۱۶ دسمبر ۱۹۳۴ء | جلد ۲۲

مدینۃ المسیح

امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کے متعلق ۱۳- دسمبر بعد دوپہر کی ڈاکٹری رپورٹ مظہر ہے۔ کہ حضور کو گھٹنے کی درد میں افاقہ ہے:۔

سیدہ ناصرہ بیگم صاحبہ کو دو تین روز سے انفلوئنزا کی وجہ سے بخار اور زکام کی تکلیف ہے۔ احباب دعائے صحت کریں۔

جناب ڈاکٹر میر محمد اسمٰعیل صاحب سول سرجن کی اہلیہ خورد بعارضہ نمونیہ بیمار ہیں۔ احباب دعائے صحت کریں:

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی تعمیل میں کہ احمدیوں کو اپنے ہاتھ سے مشقت کا کام کرنا چاہیے مدرسہ احمدیہ کے اساتذہ اور طلباء نے ۱۳- دسمبر کو اندازاً قصبہ سے ایک ہزار شہتیریاں جلسہ سالانہ کی سٹیج کے لئے جلسہ گاہ میں خود اٹھا کر پہنچائیں۔ دیکھنے والوں کے لئے یہ ایک دلچسپ نظارہ تھا۔ کہ استاد اور شاگرد شہتیریاں اٹھائے جا رہے ہیں۔

تحریک جدید کی تشریح

رقم زدہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ

۱- دوست اچھی طرح سمجھ لیں۔ کہ چندہ کی نئی تحریکیں جن کی میزان ساڑھے ستائیس ہزار بنتی ہے۔ اور جن کا مطالبہ گزشتہ خطبات میں جماعت سے کیا گیا ہے صرف پہلے سال کے لئے ہیں:

۲- یہ تحریکات نئے سرے سے تین سال تک پہلا سال ختم ہونے پر دوبارہ شائع ہوتی رہیں گی۔ صرف فرق یہ ہوگا۔ کہ آئندہ دو سالوں میں ساڑھے بائیس ہزار سالانہ کی تحریک کی جائے گی:

۳- جنہوں نے اس سال چندہ دیا ہے۔ یا اس کا وعدہ کیا ہے۔ وہ مجبور نہیں ہونگے۔ کہ آئندہ سالوں کی تحریکات میں ضرور حصہ لیں۔ یا اتنا ہی حصہ لیں جتنا اس سال لیا ہے بلکہ یہ انکے اخلاص اور انکی اسوقت کی مالی حالت پر منحصر ہوگا۔

۴- بہرحال اسوقت جو دوست چندہ لکھوا رہے ہیں یا لکھوائینگے۔ وہ اسی سال کا چندہ ہوگا۔ نہ کہ تینوں سالوں کا اس لئے جو دوست قسطوار چندہ کی رقم پوری کرنا چاہیں۔ ان کی قسطیں پہلے بارہ ماہ کے اندر ختم ہو جانی چاہئیں اور جو یکمشت دیں وہ سمجھ لیں کہ انہوں نے پہلے سال کی تحریک کا چندہ دیا ہے۔ نہ کہ تینوں سالوں کا۔ مرزا محمود احمد۔ خلیفۃ المسیح

۹۵ خدمت جناب مرزا محمد شفیع صاحب عمدۃ الحکام چوک بازار لاہور LAHORE

ضروری اعلان قابل توجہ عہدہ داران جماعت

پنجاب کی ٢٧ - بڑی جماعتوں کے امراء یا پریزیڈنٹ صاحبان کی خدمت میں ایک ضروری گشتی چٹھی مورخہ ٧ - نومبر ١٩٣٤ء کو میں نے بھجوائی تھی - اور درخواست کی تھی - کہ چٹھی پہونچتے ہی رسید سے مطلع فرمائیں - اور مورخہ ١٠ دسمبر تک اس چٹھی کا مکمل جواب مجھے بھجوا کر ممنون فرمائیں لیکن مجھے افسوس ہے - کہ اس وقت تک صرف پندرہ جماعتوں کی طرف سے اطلاع ملی ہے - جن میں سے تین جماعتوں نے صرف چٹھی کی رسید دی ہے - اور باقی جماعتوں نے مکمل جواب دیا ہے - ان جماعتوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس اعلان کے ذریعے مندرجہ ذیل جماعتوں کے امراء یا پریزیڈنٹ صاحبان کی فوری توجہ اپنی چٹھی کے جواب کی طرف مبذول کراتا ہوں - امید ہے - کہ عہدہ داران جلد توجہ فرمائیں گے -

(١) - چک $\frac{6}{11}$ ضلع منٹگمری
(٢) - سیالکوٹ -
(٣) - کلاسوالہ ضلع سیالکوٹ
(٤) - ہجکہ متصل بھیرہ -
(٥) دیپال پور -
(٦) - سرگودھا -
(٧) - فیروز پور
(٨) - گورداسپور -
(٩) - ڈسکہ ضلع سیالکوٹ
(١٠) راولپنڈی
(١١) کریام
(١٢) کھاریاں
(١٣) پاکپٹن
(١٤) لاہور
(١٥) گجرات
(١٦) موہن وال
(١٧) سرگودھا
(١٨) کیمل پور
(١٩) پٹیالہ
(٢٠) خوشاب
(٢١) امین آباد
(٢٢) چک ٥٦٥ ضلع لائلپور

خاکسار یوسف علی - پرائیویٹ سکرٹری حضرت خلیفۃ المسیح

کس کس رقم سے تحریک جدید میں شمولیت کیجا سکتی ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کے قلم سے

١ - چار تحریکات ہیں - دو کے لئے سو سو اور دو کے لئے پچاس پچاس کی رقم آسودہ حال لوگوں کے لئے مقرر ہے - پس جو شخص کم سے کم حصہ پوری مقدار پر لینا چاہے - یا لے سکتا ہو - اسے تین سو روپیہ یا اس سے زائد پہلے سال کی تحریک میں چندہ دینا چاہیئے ؀

٢ - جو شخص اس قدر توفیق نہ رکھتا ہو - وہ سو روپیہ کسی ایک مد میں چندہ دے کر باقی مدات میں تھوڑی تھوڑی رقوم دے کر ساری تحریکات کے ثواب میں حصہ لے سکتا ہے ؀

٣ - تیسرے درجہ پر یہ بھی ہو سکتا ہے - کہ سو روپیہ سب تحریکات میں دیدے ؀

٤ - جو لوگ آسودہ حال نہیں یا جنکی موجودہ حالت اچھی نہیں - وہ سو سے کم بھی چندہ دے سکتے ہیں یہ لوگ اگر پورا حصہ لینا چاہیں - تو یوں لے سکتے ہیں - کہ دس دس کی دونوں تحریکات میں بیس بیس اور پانچ پانچ کی دونوں تحریکوں میں دس دس کی رقوم ادا کر دیں - یہ ساٹھ روپیہ ہوا - اس سے کم توفیق والے دوست ہر تحریک میں دس دس اور پانچ پانچ دے کر تیس روپیہ کی رقم سے اس میں شامل ہو سکتے ہیں ؀

٥ - جو لوگ سب تحریکوں کے ادنےٰ درجہ میں بھی شامل نہ ہو سکیں - وہ تین یا دو - یا ایک میں بھی حصہ لے سکتے ہیں یعنے خواہ دونوں دس دس اور دونوں پانچ والیوں میں سے کوئی سی تین یا دو یا ایک جسکی توفیق ہو اسمیں شامل ہو جائیں

٦ - قادیان کے غرباء اس طرح بھی کر رہے ہیں - کہ اگر اکٹھے دس یا پانچ نہیں دے سکتے تو دس دس - پانچ پانچ مل کر ایک روپیہ ماہوار یا آٹھ آنہ ماہوار ڈالکر ہر ماہ میں قرعہ ڈال لیتے ہیں - اور اس کی رقم قرعہ والے کے نام سے جمع کرا دیتے ہیں - لیکن ان لوگوں کے لئے بھی اسوقت نام اور رقم لکھوانا ضروری ہے

مرزا محمود احمد خلیفۃ المسیح

ضروری اعلان

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالےٰ کے حال کے خطبات میں جو مالی مطالبات مختلف رنگوں میں احباب جماعت سے کئے گئے ہیں - اُن کے متعلق تحریک اور خط و کتابت اور حساب و کتاب رکھنے کا کام چودھری برکت علی خان صاحب سرانجام دیں گے - جو آڈیٹر صدر انجمن ہیں ؀

یہ خطبات جس قدر اہمیت رکھتے ہیں - اسے مدنظر رکھتے ہوئے یقین ہے - کہ احباب چودھری صاحب موصوف کی تحریکات پر مستعدی اور سرگرمی سے تعاون فرمائیں گے -

ناظر بیت المال - قادیان

حج کو جانے والے احباب کو اطلاع

اس سال جدہ کا حج کا ارادہ ہے انشاء اللہ ٤ جنوری کو کراچی سے جہاز پر سوار ہونگا - اگر کوئی اور احمدی بھائی جانے والے ہوں - تو اطلاع دیں - خاکسار جمعدار عبد اللہ خان پنشنر دوالمیال ضلع جہلم ؀

جلسہ سالانہ میں شمولیت کے لئے سائیکلوں پر سفر

لودی پور شاہجہان پور سے جانب شرق کھنود دریا سے پار شہر سے ایک میل کے فاصلہ پر ایک موضع ہے - بلکہ قرب کے لحاظ سے شہر کا ایک محلہ - وہاں کے تین احمدی نوجوان بائیسکلوں پر گزشتہ شنبہ کو دارالامان کے قصد سے روانہ ہوئے ہیں - جس شہر میں پہونچیں - احباب انہیں شب بسر کرنے کا اپنے پاس موقعہ دیں - ان کے امیر کا نام سید شوکت علی اور باقی دونوں کے نام کریم الدین و حمید الدین ہیں - خاکسار (مفتی) محمد صادق -

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الفضل
نمبر ۷۳ | قادیان دار الامان مورخہ ۸ رمضان ۱۳۵۳ھ | جلد ۲۲

دھمکیوں کے جعلی خطوط

اخبار "زمیندار" کی فتنہ پردازیوں میں ایک اور اضافہ

اخبار "زمیندار" جماعت احمدیہ کے خلاف جن شرارتوں اور فتنہ پردازیوں میں مصروف ہے۔ ان میں اس نے مزید اضافہ کرتے ہوئے نہایت ہی شرمناک اور قابل مذمت طریق یہ اختیار کیا ہے۔ کہ وُہ اس قسم کے جعلی اور مصنوعی خطوط نہایت اشتعال انگیز عنوانات کے ماتحت شائع کر رہا ہے جن میں بقول اس کے مولوی ظفر علی صاحب کو قتل کی دھمکیاں دی گئی ہیں۔ اس سے "زمیندار" کی ایک غرض تو یہ ہے۔ کہ عوام کو اشتعال دلا کر ہر جگہ کے احمدیوں کو ظلم و ستم کا نشانہ بنائے۔ ان کی جان و مال پر قاتلانہ حملے کرائے ان کی عزت و آبرو کو نقصان پہونچائے۔ ان کے لئے جینا دوبھر کر دے۔ اور دوسری غرض یہ ہے۔ کہ مولوی ظفر علی صاحب کو بہت بڑے خطرہ میں گھرا ہوا ظاہر کر کے لوگوں کے جذبات ہمدردی کو اکسائے۔ اور روپیہ کی وصولی کے لئے مختلف رنگوں اور مختلف طریقوں سے جو اپیلیں کر رہا ہے۔ ان کو مؤثر بنائے۔ چنانچہ ۳۰۔ نومبر کے پرچہ میں اس نے

"حضرت مولانا ظفر علی خاں سے ایمان کی قیمت کا مطالبہ۔ اور ایک میرزائی کی طرف سے قتل کی دھمکی" وغیرہ عنوانات سے کراچی کا ایک خط۔ لکھنے والے کا نام۔ اور اس کا پورا پتہ لکھ کر شائع کیا ہے۔ اس کے بعد اسی قسم کا ایک اور خط ۸ دسمبر کے پرچہ میں کراچی کا ہی اس نے درج کیا ہے۔ اور اس پر بھی نام اور پتہ وغیرہ لکھا ہے۔

ہم نے پہلے خط کے شائع ہونے پر ہی لکھ دیا تھا۔ کہ "اس خط کا ایک ایک لفظ اس کا انداز تحریر اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق اس میں غلط بیانی یہ سب باتیں ایسی ہیں۔ جو اسے لازمی طور پر مصنوعی اور جعلی ثابت کر رہی ہیں"

یہی بات ہم پورے وثوق اور یقین کے ساتھ دوسرے خط کے متعلق بھی کہتے ہیں اوّل تو اسلام اور احمدیت کی تعلیم سے واقف کوئی احمدی کسی کی جان لینے اور قتل کرنے کی اس طرح دھمکی دینا جائز ہی نہیں سمجھتا اور جس فعل کو ہر ایک احمدی ناجائز قرار دیتا ہو۔ اس کا ارتکاب کر کے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا کیونکر گوارا کر سکتا ہے۔ علاوہ ازیں ان خطوط کے انداز تحریر سے بھی صاف ظاہر ہے۔ کہ وُہ قطعاً کسی احمدی کے لکھے ہُوئے نہیں ہیں"۔ "زمیندار" نے ایک طرف تو ان خطوط کی بنا پر یہ نتیجہ نکالا ہے۔ کہ "یہ قادیانی حضرت مولانا کو یہ بتانا چاہتا ہے کہ اب آپ کی خیر نہیں۔ کیونکہ آپ نے قادیانیت کی پُرزور مخالفت شروع کر دی ہے۔ اب اس خواب کے مطابق آپ کا پیٹ چھرے سے چاک کر دیا جائے گا۔"

(زمیندار ۳۰۔ نومبر)

پھر لکھا ہے۔ "دو قادیانی حضرت مولانا کو شہید کرنے کے لئے مقرر کر دیئے گئے ہیں یہ انہی فدائیوں میں سے ہونگے جن سے حال میں خلیفہ قادیان نے

تحریک چندۂ جدید میں حصہ لینے والے

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کے قلم سے

مجھے معلوم ہُوا ہے۔ کہ تحریک جدید کے چندوں کو بہت سے دوستوں نے سمجھا نہیں ؛

(۱) بعض خیال کرتے ہیں۔ کہ مالدار سے مُراد وُہ ہے جس نے روپیہ جمع رکھا ہُوا ہو۔ ایسا مالدار مسلمانوں میں شاذ ہوتا ہے۔ جو شخص اس دھوکے میں ہے۔ وُہ اپنے رب کے پاس جائے گا اور اپنے کو تہی دست پائے گا۔ کیونکہ خدا تعالےٰ نے اسے نعمت دی۔ اور اس نے قدر نہ کی ؛

۲۔ بعض خیال کرتے ہیں۔ کہ جماعت کے کارکن تحریک کریں گے۔ تو ہم حصہ لکھا دیں گے۔ یاد رکھیں گے۔ انہیں یاد رہے۔ کہ اگر ان کی جماعت کے کارکُن سست ہیں۔ یا خود حصہ نہ لینے کے سبب سے تحریک کو دبا رہے ہیں۔ تو یہ جواب خدا تعالےٰ کے سامنے کافی نہ ہوگا۔ ہر مومن خدا تعالےٰ کے سامنے خود ذمہ وار ہے

۳۔ جماعتوں کو عادت ہے۔ کہ وُہ اکٹھا چندہ بھجواتی ہیں۔ اس لئے جو کارکن جماعت میں تحریک کر کے مشترکہ فہرستیں نہ بھجوا سکیں۔ ان کا دیانتدارانہ فرض ہے۔ کہ جماعت میں اعلان کر دیں۔ کہ ہم نے یہ کام نہیں کرنا جس نے بھجوانا ہو۔ براہ راست بھجوا دے ہم جماعت کی اکٹھی لسٹ نہیں بھجوانی چاہتے ؛

۴۔ بعض آسُودہ حال اسراف کی عادت کیوجہ سے بڑی قربانی نہیں کر سکتے۔ اور وُہ لوگوں کی شرم سے تھوڑا حصہ بھی نہیں لیتے۔ یہ شرم انہیں اور بھی زیادہ نیکی سے محرُوم کر دے گی ؛

۵۔ کوئی دوست اس چندہ کی تحریک کے لئے دُوسرے پر اصرار نہ کریں۔ ہاں جو کارکن یا کارکنوں کی سستی کی صورت میں غیر کارکن ثواب حاصل کرنا چاہتے ہوں وُہ ہر اک سے پوچھ لیں۔ کہ کیا وُہ حصہ لینا چاہتا ہے۔ یا نہیں۔ اگر لینا چاہتا ہے۔ تو لکھنا۔ جو خدا تعالےٰ کے نزدیک مجبُور ہے۔ اسے دق نہ کرو۔ اور جو شیطان کے ہاتھوں مجبوُر ہے اُسے اور زیادہ شرمندہ نہ کرو۔ یاد رکھو۔ یہ خدا تعالےٰ کا کام ہے۔ اور ہو کر رہے گا ؛

قضائے آسمانست ایں بہر حالت شود پیدا

مرزا محمُود احمد خلیفۃ المسیح

موت پر بیعت کی ہے" (زمیندار ۱۲ دسمبر)

مگر دُوسری طرف ان "فدائیوں" کے جو خطوط پیش کئے گئے ہیں۔ ان سے ظاہر ہے۔ کہ وُہ کسی معمُولی سے معمُولی احمدی کے بھی لکھے ہُوئے نہیں ہوسکتے۔ کُجا یہ کہ ایسے "فدائیوں" نے لکھے ہوں۔ جو کسی کی جان لے کر اپنی جان قربان کرنے کے لئے تیار ہو چکے ہوں۔ مثلاً پہلے خط کا یہ فقرہ کوئی احمدی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف منسُوب نہیں کرسکتا کہ "اللہ جلشانہٗ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے۔ کہ میری کوئی کتاب ضبط نہ ہوگی۔ قرآن میں مجھ سے وعدہ ہو چکا ہے۔ کہ انا نزلنا وانا لہٗ لحافظون" اول تو قرآن کریم کی یہ آیت ہی نہیں۔ دُوسرے حضرت مسیح موعُود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کبھی یہ نہیں فرمایا۔ یہ الگ بات ہے۔ کہ دُنیا کی کوئی طاقت آپ کی تحریرات کے ایک شوشہ کو بھی محو نہیں کرسکتی۔ لیکن آپ کی زندگی میں نہ کبھی آپ کی کسی تحریر کے ضبط کرنے کا سوال پیدا ہُوا۔ اور نہ آپ نے کبھی اس کے متعلق کچھ فرمایا۔ پس جو شخص ایک خود ساختہ آیت کی بناء پر حضرت مسیح موعُود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف ایسی بات منسُوب کرتا ہے جو آپ نے کبھی نہیں فرمائی۔ اس کی احمدیت معلُوم ۔

دُوسرا خط جس "فدائی" کی طرف منسُوب کیا گیا ہے۔ اور جسے "زمیندار" نے موت پر بیعت کرنے والوں میں سے قرار دیا ہے۔ اس میں اس مصنُوعی فدائی نے حضرت مسیح موعُود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر "جناب حضرت مرزا غلام احمدؐ آف قادیان" "جناب مرزا غلام احمد آف قادیان" "مرزا غلام احمدؐ آف قادیاں" اور "مرزا غلام قادیانی" کے الفاظ سے کیا ہے۔ گویا تین چار سطروں میں ہی اس کی ساری فدائیت اور عقیدت ختم ہو گئی۔ اور "مرزا غلام قادیانی" لکھنے پر اتر آیا۔ لیکن اس کے مقابلہ میں بالفاظ "زمیندار" جس شخص کو قتل کرنے کے لئے وُہ اُٹھا۔ اور جس کا خاتمہ ۱۱ر دسمبر کو اس نے بتایا تھا۔ اسے قتل کرنے کی اطلاع دیتا ہُوا "جناب مولانا ظفر علی خاں" "مولانا ظفر علی خاں" کے الفاظ سے مخاطب کرتا ہے۔ کیا جس شخص سے اتنی نفرت ہو۔ کہ اسے قتل کرنے کی تیاری کی جارہی ہو۔ اسے اسی رنگ میں مخاطب کیا جاتا ہے۔ اور جس کی خاطر قتل کرنا ہو اس کا اس رنگ میں ذکر کیا جاتا ہے۔ جس رنگ میں "زمیندار" کے پیش کردہ خط میں کیا گیا ہے۔

پس یہ خط بھی بالکل جعلی ہے۔ اور احمدیت کے بدباطن۔ اور کمینہ خصلت اشخاص کی کارستانی ہے۔ ابتدا ہی طبیعت پر زور ڈال کر "جناب حضرت مرزا غلام احمدؐ" لکھدیا گیا۔ حالانکہ حضرت مسیح موعُود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام کے ساتھ "جناب" لکھنے کا طریق جماعت احمدیہ میں رائج ہی نہیں ہے اور کوئی لکھا پڑھا احمدی یہ نہیں لکھا کرتا۔ لیکن اس طرح جو نقاب اوڑھا گیا تھا۔ وُہ چند ہی سطور کے بعد اتر گیا۔ اور "مرزا غلام قادیانی" پر بات آرہی۔ یہ الفاظ خدائی چھوڑ کوئی معمولی احمدی حضرت مسیح موعُود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق سننا بھی پسند نہیں کرتا۔ کُجا یہ کہ خود استعمال کرے۔

ان خطوط کے جعلی ہونے کے متعلق یہ ایک دو باتیں بطور مثال پیش کی گئی ہیں۔ ورنہ ان کے ایک ایک لفظ سے ان کا مصنوعی ہونا ظاہر ہے۔ لیکن ان کی بناء پر ایک طرف تو "زمیندار" حد درجہ کی فتنہ پردازی اور کذب بیانی کرتا ہُوا عوام کو احمدیوں کے خلاف سخت اشتعال دلا رہا۔ حتے کہ ان کی طرف سے اس قسم کے اعلان شائع کر رہا ہے۔ کہ "ایک مرزائی کا وُہ خط جو اس نے اپنے خبث باطنی کا ثبوت دیتے ہُوئے مولانا ظفر علی خاں صاحب کو لکھا ......

...... بغور پڑھا ہے۔ اسے پڑھ کر مجھے یقین کامل ہوگیا ہے۔ کہ قادیانی کیڑوں مکوڑوں کے اب پر نکلنے شروع ہو گئے ہیں۔ انشاء اللہ عنقریب ہم آغوش مرگ ہو جائیں گے"۔ اور دوسری طرف یہ لکھ رہا ہے۔ کہ

"اگر حکومت نے قادیانیوں کے ان خطرناک عزائم کے بطلان کے لئے جلد مؤثر ترین تدابیر اختیار نہیں کیں۔ تو ایک خطرناک فتنہ کا دروازہ کھل جائے گا۔ جو بعد میں کسی طرح بھی بند نہ ہوسکے گا۔ اور ہندوستان کا امن و سکون خطرہ میں پڑ جائے گا" (زمیندار ۳۰۔ نومبر)

اگر "زمیندار" دیدہ دانستہ جعلی خطوط کی بناء پر جماعت احمدیہ کے خلاف شورش انگیزی کا مرتکب نہیں ہو رہا۔ اور سچ مچ سمجھتا ہے۔ کہ جو خطوُط اس نے شائع کئے ہیں۔ وُہ احمدیوں نے ہی لکھے اور بھیجے ہیں۔ تو کیوں ان کے عکس نہیں شائع کردیتا۔ یا ان کو پولیس کے حوالے نہیں کرتا۔ جب ان پر نام اور پتے موجُود ہیں۔ تو پولیس بآسانی تحقیقات کرسکتی ہے۔ اور بہت جلد صحیح نتیجہ پر پہونچ سکتی ہے۔ مگر ہم خوب اچھی طرح جانتے ہیں۔ کہ "زمیندار" قطعاً اس بات کے لئے تیار نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس کے شائع کردہ خطوُط سراسر جعلی اور بناوٹی ہیں۔ اور محض جماعت احمدیہ کے خلاف شورش پھیلانے۔ اور فساد کرانے کے لئے بنائے گئے ہیں۔ ان دونوں خطوُط کا کراچی سے آنا بھی ظاہر کرتا ہے۔ کہ اس شرارت کا اڈا کراچی میں ہے۔ اور احمدیوں کی طرف اس لئے منسُوب کئے گئے ہیں۔ کہ ان کو ظلم و ستم کا شکار بنایا جائے اور اس طرح اس فتنہ کو پھیلایا جائے۔

ہم یہ بات خوب اچھی طرح واضح کر دینا چاہتے ہیں۔ کہ اسلام کی تعلیم اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے رُو سے ہم قطعاً جائز نہیں سمجھتے۔ کہ کسی کی جان و مال پر حملہ کیا جائے۔ اور اس رنگ میں اسے نقصان پہونچایا جائے۔ خواہ وُہ سلسلہ کا کتنا ہی بدترین دشمن ہو۔ اور خواہ شرافت و انسانیت سے بالکل عاری ہو کر نقصان رسانی میں معروف ہو۔ ایسے لوگوں کی امن شکن اور خلاف قانون فتنہ پردازیوں اور شرارتوں کا انسداد کرنا حکومت کے ذمہ ہے۔ یا رُوحانی پہلو سے اس خدائے قہار کے سپرد۔ جو ظالموں اور جفاکاروں کو جلد یا بدیر کیفر کردار کو پہونچاتا ہے۔ اور ہمیشہ اپنے مظلوم اور ستم رسیدہ بندوں کی امداد کرتا ہے۔

پس "زمیندار" جو بار بار یہ الزام لگا رہا ہے۔ کہ احمدی مولوی ظفر علی صاحب کو قتل کرنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں یہ محض جھُوٹ اور صریح کذب بیانی ہے۔ اور "زمیندار" جو کچھ پیش کر رہا ہے۔ وُہ سراسر جعلی اور مصنوعی ہے۔

"زمیندار" کی حمایت میں "عظیم الشان جلسہ" کی حقیقت

بڑے زور و شور کے اعلانات کے بعد ۹ر دسمبر کو "زمیندار" نے اپنی حمایت میں جو جلسہ منعقد کیا۔ اس کی حقیقت اسی سے ظاہر ہے۔ کہ اس کے لئے کوئی صدر بھی دستیاب نہ ہو سکا۔ اور آخر کار مولوی ظفر علی صاحب کو خود ہی فرائض صدارت ادا کرنے پڑے۔ اور خود ہی انہوں نے لمبی چوڑی تقریر کی۔ جس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلاف بدزبانی کرنے پر سارا زور صرف کر دیا۔ زیادہ سے زیادہ مولوی حبیب الرحمٰن صاحب اور چودھری افضل حق صاحب نے کسی قدر ان کا ہاتھ بٹایا۔ اور جلسہ کا خاتمہ ہوگیا۔ جلسہ کے حاضرین بالفاظ معاصر "سیاست" "صرف اتنے ہی جمع ہُوئے۔ جتنے کسی سانڈے کا تیل بیچنے والے حکیم۔ یا ٹوکرے میں بند کرکے چھُری مارنے والے مداری کے مجمع میں لوگ جمع ہوتے ہیں"۔

"آٹھ کروڑ مسلمانان ہند کی نمائندگی کا دعوےٰ کرنے والے "زمیندار" کی حمایت میں منعقد ہونے والے جلسہ کی یہ حالت بتاتی ہے۔ کہ سمجھدار اور شریف مسلمانوں میں "زمیندار" اور احراریوں کی جو اس کی حمایت میں چوٹی سے لے کر ایڑی تک کا زور لگا رہے ہیں۔ ایک کوڑی بھی قدر و قیمت نہیں ہے۔ کچھ آوارہ گرد اور فتنہ پرداز لوگ ہیں۔ جن کے بل بوتے پر "زمیندار" اور احراری اچھل کُود رہے ہیں۔ مگر تابکے۔

احمدیت پر اعتراضات کے جواب

حضرت مسیح موعود کے علمی معجزہ کے متعلق "العدل" کے لنگ عذرات

کچھ عرصہ ہؤا۔ "الفضل" میں ایک مضمون شائع ہؤا تھا۔ جس میں بتایا گیا تھا۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے ایسا علمی معجزہ عطا فرمایا ہے۔ کہ بڑے بڑے علماء کہلانے والے اور تحصیل علوم متداولہ میں اپنی عمریں صرف کرنے والے بار بار کے چیلنجوں کے باوجود آپ کے مقابلہ سے عاجز رہے۔ گجرانوالہ کے ایک اخبار "العدل" نے اس کے خلاف ایک مضمون شائع کیا۔ مگر اپنا وُہ پرچہ نہ بھیجا۔ اب ایک دوست کے ذریعہ اس کے دیکھنے کا اتفاق ہؤا۔ تو اس کا جواب لکھا جاتا ہے

"العدل" کا اعتراض

مضمون نگار نے لکھا ہے:۔ "مرزا جی کی حیثیت کیا موجودہ زمانہ کے علماء میں۔ اور کیا اس وقت کے علماء میں جبکہ مرزا جی بقید حیات تھے۔ محض ایک مبتدی کی تھی۔ علمائے اسلام میں سے کسی نے بھی ایک لمحہ کے لئے علمی لحاظ سے مرزا جی کو قابل خطاب نہ سمجھا۔ مجھ جیسا تک بند شاعر آج اگر علامہ سر محمد اقبال کو چیلنج دے کر میرے ساتھ شاعری میں مقابلہ کرو۔ تو ظاہر ہے۔ کہ میں گو لاکھ اشتہار شائع کروں۔ ڈاکٹر اقبال کبھی میری ایسی لغویت کا جواب نہ دیں گے خود ہمارے گجرات میں ایک جاہل شاعر امام الدین نامی نے خروج کیا ہے۔ اور ان کا دعوےٰ زبانی نہیں۔ بلکہ کئی اشتہا کے ذریعہ انہوں نے دعوےٰ کیا ہے۔ کہ ہندوستان کا کوئی شاعر میرا مقابلہ کرے۔ انہوں نے علامہ اقبال کی بے بدل تصنیف بانگ درا کے مقابل میں بانگ دہل بھی لکھ ماری، اپنے آپ کو موجد ادب اور بانیٔ ادب کہتے ہیں۔ لیکن کیا کوئی بھی عقل سلیم رکھنے والا انسان ایک لمحہ کے لئے بھی یہ باور کر سکتا ہے۔ کہ جناب امام الدین صاحب واقعی یکتائے روزگار شاعر ہیں۔ مجھ جیسا نحیف و زار خواہ بار بار گاماں پہلوان رستم زمان کو کشتی کے لئے للکارے۔ لیکن گاماں چونکہ میری شخصیت اور طاقت و شہ زوری کا واقف ہے۔ وُہ میرے مقابلہ پر آنا ہی اپنی توہین اور بدنامی سمجھیگا"۔

علماء نے حضرت مسیح موعود کے مقابلہ پر پورا زور لگایا

گویا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو چیلنج علمائے زمانہ کو علمی مقابلہ کے لئے دیئے۔ وُہ اس واسطے علماء نے قبول نہ کئے۔ کہ ان کے نزدیک چیلنج دینے والا مبتدی تھا۔ اور وُہ آپ سے علمی مقابلہ کرنا اپنی ہتک سمجھتے تھے۔ لیکن سوال یہ ہے۔ کہ کیا واقعی علماء نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقابلہ پر آنا اپنی ہتک قرار دیتے ہوئے آپ کو درخور اعتنا اور قابل خطاب نہ سمجھا۔ اور کیا انہوں نے واقعی آپ کو مخاطب نہ کیا۔ کون نہیں جانتا۔ کہ علماء کہلانے والوں نے اپنا تمام زور تحریر و تقریر حضورؑ کے مقابلہ پر صرف کر دیا۔ اپنے تمام رسوخ اور اثر کو آپ کے خلاف استعمال کرنے میں معروف رہے اور آپ کو زک دینے کے لئے جائز و ناجائز کی تمیز بھی اڑا دی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زندگی میں جو لوگ علماء کہلاتے تھے۔ انہوں نے اپنی زندگیاں مخالفت کے لئے وقف کر رکھی تھیں۔ اخبارات۔ رسائل۔ کتب۔ اشتہارات۔ پمفلٹ۔ ٹریکٹ اس قدر کثیر تعداد میں آپ کے خلاف شائع کئے گئے۔ کہ ان کا شمار ممکن نہیں۔ پھر زبانی تقریریں ۔ اور گفتگوئیں جو خلاف کی جاتی تھیں۔ ان کی تو کوئی حد ہی نہیں۔ یہ ثبوت ہے اس بات کا کہ علماء کہلانے والے آپ کو قابل خطاب سمجھتے تھے۔ اور آپ کی ہر بات کی تردید کرنے میں پورا زور لگاتے رہے۔ پس صاف ظاہر ہے۔ کہ علمی مقابلہ کے چیلنج کو منظور نہ کرنے کی وجہ یہ نہ تھی۔ کہ علماء اسے اپنی شان کے خلاف سمجھتے تھے۔ بلکہ یہ تھی۔ کہ اسے قبول کرنے کی ان میں ہمت ہی نہ تھی۔ مگر تعجب ہے۔ اخبار "العدل" آج ہمیں یہ سُنا رہا ہے۔ کہ علماء نے چونکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قابل خطاب نہ سمجھا۔ اس واسطے مقابلہ پر نہ آئے۔ اگر یہی بات تھی۔ تو چاہیئے تھا۔ کہ علماء حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کسی بات کے بھی خلاف نہ کھڑے ہوتے۔ اور آپ کے دعاوی کی طرف مطلق توجہ نہ کرتے۔ کیا ایسا ہؤا۔ اگر نہیں اور یقیناً نہیں۔ تو پھر چیلنج قبول نہ کرنے کی جو وجہ "العدل" نے پیش کی ہے۔ اس کی عذرِ گناہ بدتر از گناہ سے زیادہ وقعت نہیں۔

"العدل" کا دُوسرا اعتراض

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قصیدہ اعجازیہ کے متعلق چیلنج کا ذکر کرتا ہؤا مضمون نگار "العدل" لکھتا ہے:۔

"یہ برائے نام قصیدہ اعجازیہ پیش کرتے وقت مرزا جی نے چند یوم کی مہلت دی۔ اور مدت معین کر دی تھی۔ کہ اتنے دنوں کے اندر اندر کوئی عالم اس کا جواب دے۔ بلکہ ان کے قصیدہ کی طرح عربی عبارت لکھی ہو۔ پھر اس کا اردو میں ترجمہ ہو۔ اور کتابی صورت میں چھپا ہوا بھی ہو۔ اور چھپ کر رجسٹری ہوکر ڈاک خانہ کی معرفت ان کو مل بھی جائے۔ اب فرمایئے چند دنوں کے اندر اندر تو کتابت بھی ختم نہیں ہوسکتی۔ کم سے کم تین دن تو رجسٹری شدہ خط ارسال کرنے اور وصول کرنے کے لئے درکار ہوتے ہیں۔ خود مرزا جی نے کئی مہینے راتیں جاگ جاگ کر اپنے تن کا لہو خشک کیا۔ پھر اسی کا ترجمہ کیا۔ اور چھپوایا۔ لیکن تماشا یہ ہے۔ کہ مقابلہ کرنے والوں کے لئے وقت کی قید لگا دی"

حضرت مسیح موعود کے الفاظ میں اعتراض کا جواب

ان الفاظ میں جو اعتراضات کئے گئے ہیں۔ ان سب کا جواب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اس تحریر میں موجود ہے۔ جو حضورؑ نے اس قصیدہ کے متعلق رقم فرمائی۔ اس لئے وُہی پیش کی جاتی ہے :۔

حضورؑ تحریر فرماتے ہیں:۔

"مولوی ثناء اللہ صاحب سے اگر صرف کتاب اعجاز المسیح کی نظیر طلب کی جائے۔ تو وُہ اس میں ضرور کہیں گے کہ کیونکر ثابت ہو۔ کہ ستر دن کے اندر یہ کتاب تالیف کی گئی ہے۔ اور اگر وُہ یہ حجت پیش کریں۔ کہ یہ کتاب دو برس میں بنائی گئی ہے۔ اور ہمیں بھی دو برس کی مہلت ملے۔ تو مشکل ہوگا کہ ہم صفائی سے ان کو ستر دن کا ثبوت دے سکیں۔ ان وجوہات سے مناسب سمجھا گیا کہ خدا تعالیٰ سے یہ درخواست کیجائے۔ کہ ایک سادہ قصیدہ بنانے کیلئے روح القدس سے مجھے تائید فرمائے جس میں مباحثہ مد کا ذکر ہو۔ تا اس بات کے سمجھنے کیلئے وقت نہ ہو۔ کہ وُہ قصیدہ کتنے دن میں تیار کیا گیا ہے۔ سو میں نے دُعا کی۔ کہ اے خدائے قدیر مجھے نشان کے طور پر توفیق دے کہ ایسا قصیدہ بناؤں۔ اور وُہ دعا میری منظور ہوگئی۔ اور روح القدس سے ایک خارق عادت مجھے تائید ملی۔ اور وُہ قصیدہ پانچ دن میں ہی میں نے ختم کر لیا۔ . . . . یہ ایک عظیم الشان نشان ہے۔ جس کے گواہ خود مولوی ثناء اللہ صاحب ہیں۔ کیونکہ قصیدہ سے خود ثابت ہے۔ کہ یہ ان کے مباحثہ کے بعد بنایا گیا ہے۔ اور مباحثہ ۲۹۔ ۳۰۔ اکتوبر ۱۹۰۲ء کو ہوا۔ اور ہمارے دوستوں کے واپس آنے پر ۸۔ نومبر کو اس قصیدہ کا بنانا شروع اور ۱۲ نومبر کو مع اس اُردو عبارت کے ختم ہو چکا تھا" صفحہ ۳۵-۳۶

"کئی مہینے راتیں جاگ جاگ کر" قصیدہ لکھنے کا جو لغو اعتراض "العدل" نے کیا تھا۔ مندرجہ بالا سطور میں اس کی تردید ہوگئی۔ باقی رہے کتابت وغیرہ ختم نہ ہوسکنے کے اعتراضات۔ ان کی بھی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ کیونکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب اس سے کم عرصہ میں جو آپ نے مخالفین کو مقابلہ کے لئے دیا۔ اور قادیان ایسی دُور افتادہ بستی میں جہاں کتابت اور

طباعت کے سامان۔ اور انتظامات بمقابلہ دیگر شہروں کے بہت کم تھے۔ ایسا قصیدہ رقم فرمایا۔ تو دُوسروں کی طرف سے "العدل" کا یہ عذر پیش کرنا کہ اس قلیل مدت میں سرانجام دینا مشکل تھا۔ سراسر لغو اور بے بنیاد ہے۔

"العدل" کا ایک اور عذر لنگ

پھر کہا گیا ہے۔ کہ کم سے کم تین دن تو رجسٹری شدہ خط کے ارسال کرنے اور وصول کرنے میں درکار ہوتے ہیں" مگر یہ بھی عذر لنگ ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے چیلنج دیتے وقت ڈاک کا وقت علیحدہ مجرا دیا تھا۔ چنانچہ تحریر فرمایا۔ "مَیں نے ان لوگوں کی حالت پر رحم کر کے اتمام حجت کے طور پر پانچ دن ان کے لئے اور زیادہ کر دیئے ہیں۔ اور ڈاک کے دن ان دنوں سے باہر ہیں۔ پس ہم جھگڑے سے کنارہ کرنے کے لئے تین دن ڈاک کے فرض کر لیتے ہیں یعنی ۱۷-۱۸-۱۹ نومبر ۱۹۰۲ء۔ ان دنوں تک بہرحال ان کے پاس جابجا یہ قصیدہ پہونچ جائے گا۔ اب ان کی اصل میعاد ۲۰ نومبر سے شروع ہوگی" (اعجاز احمدی صفحہ ۹)

پس یہ ثابت ہو گیا۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ قصیدہ اس سے کم عرصہ میں لکھا جو مقابلہ کرنے والوں کے لئے مقرر فرمایا۔ اسی عرصہ میں اس کی کتابت۔ طباعت اور جلد وغیرہ کا کام انجام دیا۔ اور پھر مقابلہ کرنے والوں کو ڈاک کے دن علیحدہ مجرا دیئے۔

علماء کو یہ چیلنج یقیناً پہونچا تھا

پھر یہ بھی کہا گیا ہے کہ "آج مرزائی یہ کہہ رہے ہیں۔ کہ مرزا جی نے علماء کو چیلنج دیا۔ کہ وُہ سامنے آئیں۔ لیکن ان کے پاس کیا ثبوت ہے، کہ مرزا جی کا چیلنج اس وقت کے جید علماء تک پہونچا۔ کیا مرزا جی نے رجسٹری کر کے اپنا چیلنج اس وقت کے علماء کو ارسال کیا۔ اور انہوں نے رجسٹری وصول کی ۔۔۔۔۔۔ کیا ثبوت کہ مرزا جی کا اعلان ان تک پہونچا۔ اور انہوں نے مقابلہ میں آنے سے گریز کیا۔"

یہ عذر بھی دیگر عذرات کی طرح واقعات سے عمداً اغماض کا نتیجہ ہے۔ اگر فی الواقعہ کوئی عالم کہلانے والا اس مقابلہ کے لئے اس لئے میدان میں نہ آسکا۔ کہ اسے وقت مقررہ کے اندر چیلنج موصول نہ ہُوا تھا۔ تو اس کا فرض تھا کہ اعلان کر دیتا۔ کہ مرزا صاحب نے چیلنج دیا۔ مگر مجھے اس سے اطلاع نہ دی۔ اگر مجھے اطلاع مل جاتی۔ تو میں ضرور اس کا جواب لکھتا اور اب لکھنے کے لئے تیار ہُوں۔ لیکن کسی کا بھی یہ نہ کہنا صاف ظاہر کر رہا ہے۔ کہ کسی کے لئے یہ عذر کرنے کی گنجائش ہی باقی نہ رہی۔ کیونکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قاعدہ تھا کہ آپ اپنی ایسی تصانیف جن میں کسی کو مقابلہ کے لئے بلایا جاتا خصوصیت کے ساتھ بصیغہ رجسٹری جلد از جلد مخاطبین کو بھجوا دیتے۔ چنانچہ اس چیلنج کے متعلق بھی حضور نے اعجاز احمدی صفحہ ۹۰ پر رقم فرمایا ہے۔ کہ "انشاء اللہ ۱۶ نومبر ۱۹۰۲ء کی صبح کو یہ رسالہ اعجاز احمدی مولوی ثناء اللہ صاحب کے پاس بھیجدونگا۔ جو مولوی سید محمد سرور صاحب لے کر جائیں گے۔ اور اسی تاریخ یہ رسالہ ان تمام صاحبوں کی خدمت میں جو اس قصیدہ میں مخاطب ہیں۔ بذریعہ رجسٹری روانہ کر دُونگا۔"

پس جبکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ التزام تھا تو آج "العدل" کا یہ کہنا کہ "کیا ثبوت ہے مرزا جی کا چیلنج اس وقت کے جید علماء کو پہونچا؟" بالخصوص ایسی صورت میں کہ کسی مخاطب عالم نے نہ حضور کی زندگی میں یہ عذر کیا۔ اور نہ آج تک کسی نے یہ سوال اٹھانے کی ضرورت سمجھی۔ نہایت نامعقول بات ہے۔

مخالفین جواب کیوں نہ لکھ سکے

"العدل" کے تمام عذرات کو رد کرنے کے بعد یہ امر روز روشن کی طرح ثابت ہے۔ کہ اس چیلنج کا جواب نہ لکھنے کی وجہ صرف اور صرف یہی تھی۔ کہ کسی کو لکھنے کی جُرأت ہی نہ تھی۔ مخالفین میں سے کوئی اس کا اہل نہ تھا۔ اور یہی بات حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت اور مؤید من اللہ ہونے کی دلیل ہے۔ کیونکہ حضور نے پیش از وقت صاف طور پر لکھ دیا۔ کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نشان۔ اور رُوح القدس کی تائید خاص سے لکھا گیا ہے۔ اور کوئی مخالف اس کا جواب نہیں لکھ سکیگا۔ چنانچہ حضور کے متحدیانہ الفاظ حسب ذیل ہیں:۔

"چونکہ میں یقین دل سے جانتا ہُوں۔ کہ خدا کی تائید کا یہ ایک بڑا نشان ہے۔ تا وُہ مخالف کو شرمندہ اور لاجواب کرے۔ اس لئے میں اس نشان کو دس ہزار روپیہ کے انعام کے ساتھ مولوی ثناء اللہ صاحب اور اس کے مددگاروں کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ .... دیکھو۔ میں آسمان اور زمین کو گواہ رکھ کر کہتا ہوں۔ کہ آج کی تاریخ سے اس نشان پر حصر رکھتا ہوں۔ اگر میں صادق ہوں۔ اور خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ میں صادق ہوں تو کبھی ممکن نہیں ہوگا۔ کہ مولوی ثناء اللہ صاحب اور ان کے تمام مولوی پانچ دن میں ایسا قصیدہ بنا سکیں اور اُردو مضمون کا رد لکھ سکیں۔ کیونکہ خدا تعالیٰ ان کے قلموں کو توڑ دیگا اور اُن کے دلوں کو غبی کر دیگا (صفحہ ۳۷) پھر فرماتے ہیں: "اگر بیس دن میں جو دسمبر ۱۹۰۲ء کی دسویں کے دن کی شام تک ختم ہو جائیگا۔ انہوں نے اس قصیدہ اور اُردو مضمون کا جواب چھاپ کر شائع کر دیا۔ تو یوں سمجھو۔ کہ میں نیست و نابود ہوگیا۔ اور میرا سلسلہ باطل ہوگیا۔ اس صورت میں میری تمام جماعت کو چاہیئے۔ کہ وُہ مجھے چھوڑ دیں۔ اور قطع تعلق کر لیں۔" (صفحہ ۹۰)

عجیب بات

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پیش کردہ الفاظ سے معاملہ بالکل صاف ہو جاتا ہے۔ حضور نے اس قدر غیرت دلانے والے الفاظ میں مخالفین کو مقابلہ پر آنے کے لئے کہا۔ کہ اگر علماء کہلانے والوں کے بس میں ہوتا۔ تو وُہ کبھی اس سے دریغ نہ کرتے۔ بھلا غور تو کرو۔ جو لوگ روز و شب اس فکر میں لگے ہوں۔ کہ جس طرح بھی ہو سکے۔ آپ کے سلسلہ کو معدوم اور آپ کو ناکام کیا جائے۔ جو اس کے لئے کتابوں پر کتابیں اور اشتہاروں پر اشتہار شائع کر رہے ہوں۔ سٹیجوں اور منبروں پر آٹھوں پہر گلا پھاڑ پھاڑ کر چیختے اور چلاتے رہتے ہوں۔ انہیں اگر ایسا آسان صورت کامیابی کی ہاتھ آجاتی۔ کہ وقت مقررہ کے اندر صرف ایک قصیدہ تحریر کر کے اپنے مقاصد میں کامیاب ہو سکیں اور لوگوں کو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پاس جانے۔ اور آپ پر ایمان لانے سے روک سکیں۔ اور وُہ اپنے اندر اس کی اہلیت پاتے۔ تو کیوں ایسا نہ کرتے۔ پس اصل بات یہی ہے۔ کہ کسی کو اس کی طاقت ہی نہ تھی۔ اور یہ فی الواقعہ حضور علیہ السلام کی صداقت کا ایک عظیم الشان معجزہ ہے۔ باوجود اس کے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے غیر احمدی مولویوں کی طرف سے اس قصیدہ کا جواب لکھے جانے کو اپنے کذب کا معیار ٹھہرایا۔ پھر بھی کوئی نہ لکھ سکا۔

علماء کی علمی شان کی توہین

"العدل" نے لکھا ہے۔ کہ "اس وقت بھی ایک سے زیادہ عربی خواں لوگوں نے اس قصیدہ کے پرخچے اڑا دیئے۔ اور مطبوعہ قصیدہ کے سرورق سے لے کر آخری صفحہ تک کی غلطیاں دنیائے ادب کے سامنے پیش کر دیں۔" لیکن سوال یہ ہے۔ کہ جب یہ قصیدہ ایسا ہی عامیانہ تھا۔ جیسا کہ "العدل" ظاہر کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ تو پھر "علمائے کرام" نے اس قدر آسان کام کر کے بزعم خویش مخلوق خدا کو گمراہی اور ضلالت سے کیوں نہ بچا لیا۔ اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے نعوذ باللہ ایسے معمولی حیثیت رکھنے کے باوجود "علماء کرام" نے اور ہزاروں طرح آپ کے ساتھ مقابلے کئے۔ اور اپنی بلند علمی شان سے نیچے اتر کر اس قدر توہین سینکڑوں بار گوارا کی۔ اور اس قصیدہ کی غلطیاں نکالنے کی کوشش کرتے وقت بھی انہیں یہ خیال نہ آیا۔ کہ وُہ ایک مبتدی کے اغلاط بیان کر کے اپنی علمی شان کو بٹہ لگا رہے ہیں۔ تو قصیدہ کا جواب لکھنے کے لئے خصوصیت کے ساتھ اپنے علمی مقام کے وقار کا خیال کیوں اس قدر سختی کے ساتھ ان کا دامنگیر ہُوا۔ وُہ جہاں سینکڑوں بار "یہ توہین" برداشت کر چکے تھے۔ وہاں ایک بار اور کر لیتے۔ اور اس روز کے جھگڑے کا خاتمہ کر دیتے۔ پس یہ سب باتیں ثبوت ہیں اس امر کا۔ کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے قصیدہ کے مقابل پر علماء کی طرف سے قصیدہ نہ لکھنے کی وجہ یہی ہے۔ کہ وُہ لکھ ہی نہ سکتے تھے۔ اگر وُہ لکھ سکتے۔ تو ضرور لکھتے۔ ... حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا قبل از وقت اس قدر پُر زور اور متحدیانہ الفاظ میں یہ تحریر فرما دینا کہ علماء ایسا نہیں کر سکیں گے۔ ثبوت ہے اس بات کا کہ آپ مامور من اللہ اور مؤید من اللہ تھے۔

گوشوارہ کارگذاری جماعتہائے انصار اللہ اکتوبر ۱۹۳۴ء

نام جماعت	تعداد انصار اللہ	تعداد تعلیمی جماعتیں	تعداد افراد زیر تبلیغ	اشتہارات و پمفلٹ	پبلک یا معمولی جلسے	تعداد دعوت	دیہات زیر تبلیغ	نو مبایعین
قادیان محلہ دارالرحمت	یوں تو محلہ کے تمام احباب تبلیغ کرتے ہیں۔ لیکن خاص تبلیغ کے لئے انصار اللہ قائم کی گئی ہے۔ جس میں نوے افراد شامل ہیں۔ اس ماہ میں ۱۳۷ افراد نے تبلیغ کی۔ انصار اللہ کے چار اجلاس ہوئے ایک تلونڈی جھنگلاں میں جلسہ کیا گیا۔ احراریوں کے جلسہ کے ایام میں دوستوں نے لوگوں تک احسن طریق سے پیغام حق پہنچایا۔ ایک شخص نے بیعت کی۔							
قادیان حلقہ مسجد اقصیٰ	۷۵	۰	۰	۲۰۰	۵	۲	۱	x
دینگورلہ	۳	۲	۱۹	۵۳۰	۰	۲	۳	۰
آہنہ	۱۵	۱	۱۱۴	۳۳	۰	۰	۴	۰
سیکھواں	۹	۰	۰	۰	۰	۰	۳	۰
سارچور	۴	۰	۶	۰	۱	۰	۷	۰
چک نمبر ۳/۱۱-۱۰ ایل منٹگمری	۱۴	۴	۲۱۰	-	۴	۳	۸	۰
لودہ چپ	۵	۰	۳۰	۲۵	۸	۵	۳	۳
جہلم	۱۴	۲	۷۰	۰	۰	۴	۱	۰
فیروزپور	۸	۲	۰	۴۰۰	۰	۰	۰	۰
محمود آباد	۸	۳	۴۴	۰	۰	۰	۴	۰
بٹالہ	۸	۰	۰	۰	۰	۰	۱	۰
ٹوپی	۱۵	۰	۴	۳۴	۰	۰	۴	۰
ملکوال	۵	۰	۴	۴۰	۰	۰	۳	۰
اٹھوال	۲۰	۲	۴۶	۲۴	۰	۰	۸	۱
تہال	۸	۲	۰	۱۲	۰	۰	۵	۰
گوجرانوالہ	۲۰	۳	۲۱۰	۲۴	۷	۰	۲	۰
بھاکا بھٹیاں	۱۲	۳	۳۰۹	۲۰	۵	۰	۹	۰
حافظ آباد	۲۵	۰	۱۶	۰	۰	۰	۴	۰
پیرکوٹ	۳۵	۱	۴۶	۰	۰	۰	۵	۰
پریم کوٹ	۱۴	۳	۲۰۰	۰	۱	۰	۷	۰
ڈہرانجہا	۶	۴	۲۶	۶۲	۴	۰	۲	۰
باڈرہ	۱۶	۰	۶	۷۰	۱	۲	۱۱	۰
سری نگر	۱۴	۳	۴۰	۰	۳	۰	۱۴	۱۲
بچوں کی انصار اللہ گوجرہ	۱۰	۰	۰	۰	۱	۰	۰	۰
لنشٹہ	۲۴	۰	۴۲	۶۰	۰	۰	۰	۲
پاک پٹن	۳	۴	۰	۰	۰	۰	۰	۰۰
بھوپٹی	۸	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۱
کریام	۱۶	۴	۱۶۰	۱۲	۰	۵	۱۰	۰
بوتالی	۱	۰	۱۲	۳۰	۰	۰	۳	۰
ادرحمہ	۱۱	۱	۱۰	۶	۰	۳	۳	
موبنگی	۳	۰	۲۶	۱۱۰	۰	۰	۵	۰
صالح نگر	۱۰	۰	۱۱۹	۰	۰	۰	۴	۰
پھواکھالی	۱۲	۰	۱۵	۰	۱	۰	۴	۰
شاہجہانپور	۶	۴	۱۰	۲۰	۰	۰	۱	۰
چک نمبر ۲۷ الف سندھ	۴	۵	۱۱	۱۵۰	۰	۱	۵	۳
احمدی پور	۹	۴	۶۰	۴۰	۱	۰	۸	۰
لائل پور	۲۲	۳	۱۱۷	۱	۰	۰	۲	۰
ننکانہ صاحب	۳	۰	۱۸	۵	۰	۰	۱	۱
پٹیالہ	۶	۱	۱۴	۵۵	۱	۱	۱	۰
مانسہ	۴	۰	۱۳	۵۵	۰	۰	۳	۰
بیری	۲۲	۰	۷	۰	۰	۰	۰	۰
عزیزپور ڈگری	۵	۰	۶۵	۰	۰	۰	۶	۰
نواب شاہ	۳	۰	۱۱	۱۵۰	۰	۰	۱	۰
گجرات	۳	۱۵	۰	۷	۰	۷	۰	۰
دہرم کوٹ	۱۳	۵	۱۲	۱	۱	۱	۱	۰
حیدرآباد	تبلیغ باقاعدہ کی جاتی ہے۔ یہاں ۳۳۰۰ کی تعداد میں مختلف قسم کے ٹریکٹ تقسیم کئے گئے۔							
چک نمبر ۵۶۵	تبلیغ بذریعہ ٹریکٹ کی جاتی ہے اس ماہ میں ۲۴ عدد ٹریکٹوں کے ذریعہ سے ۷۰ اشخاص کو پیغام حق پہنچایا گیا۔							
کراچی	ٹریکٹ "کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں" سارے سندھ میں تقسیم ہوا اچھا اثر ہوا۔ ۰۰ اغیر احمدی متعلق زیر تبلیغ اصحاب کو بذریعہ بک پوسٹ بھیجا گیا۔							
خانپور ہزارہ	یہاں تبلیغ خوب ہو رہی ہے۔ بہت سے لوگ زیر تبلیغ ہیں۔							

ناظر دعوۃ و تبلیغ۔ قادیان

چندہ کشمیر ریلیف فنڈ اور احمدی جماعتیں

ماہ نومبر میں چندہ کشمیر ریلیف فنڈ بذریعہ میاں احمد الدین صاحب زرگر تین سو ساٹھ روپیہ داخل ہو چکا ہے۔ ان احباب کرام کا جنہوں نے ان کے ساتھ تعاون کیا شکریہ ادا کرتے ہوئے ذیل میں جماعتوں کی فہرست دی جاتی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا منشا ہے۔ کہ میاں احمد الدین صاحب کی طرح چندہ کشمیر ریلیف فنڈ کا کام کرنے والے احباب اپنے نام پیش کریں۔ تا اس مد کی آمد میں کم سے کم اتنی ترقی ہو سکے۔ کہ اس وقت کے اخراجات کو کفائت کر سکے پس دوسرے احباب بھی اس کام کے لئے اپنا نام پیش کر کے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور ثواب حاصل کریں۔ لاہور ۱۶/- لائل پور ۱۳/- ٹوبہ ٹیک سنگھ ۵/ گوجرہ ۲۶/- شورکوٹ ۱/- جھنگ گھیانہ ۱۷/- سرگودہا ۵۰/- چھاؤنی شاہپور ۱۳/- خوشاب ۱۹/- میانی گھوگھیاٹ ۱۸/- ملکوال ۸/- بھیرہ ۹۰/- چک نمبر ۹۸ شمالی ۱۰/- چک نمبر ۹۸ ۲۵/- چک نمبر ۹۹ ۱۵/-

(انچارج کشمیر ریلیف فنڈ۔ قادیان)

ہندوستان بھر میں سیرۃ النبی کے کامیاب جلسے

